रोल नं. | | | | | | | | |    मुद्रित पृष्ठों की संख्या : 7

**106**    **406(IID)**

# 2025

## उर्दू

## اردو

समय : 3 घण्टे]    [पूर्णांक : 80

نوٹ: 1۔ آپ دیکھ لیں کہ اس سوال نامے میں چھپے ہوئے صفحات کی تعداد (۷) ہے اور کل سوالات کی تعداد (۱۱) ہے۔

2۔ یہ سوال نامہ دو حصوں: 'الف' اور 'ب' پر مشتمل ہے۔

3۔ سبھی سوالات کے مقررہ نمبران کے سامنے لکھے ہوئے ہیں۔

4۔ سبھی سوالات حل کرنے لازمی ہیں۔

### Section-A "حصّہ الف"

سوال نمبر:1 درج ذیل غیر درسی اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب دیجیے: 5x2=10

لومڑیاں تقریباً پوری دنیا میں پائی جاتی ہیں لیکن یہ سب ایک جیسی نہیں ہوتیں۔ موسموں اور آب وہوا کے اعتبار سے ان کے بالوں کے سائز، بالوں کی رنگت، قد اور شکلوں میں فرق ہوتا ہے۔ اسی بنیاد پر لومڑیوں کی بہت سی قسمیں بتائی گئی ہیں۔ حیوانات کی سائنس کے مطابق یہ کتّے کی نسل سے تعلق رکھتی ہیں، یعنی اس نسل سے جن میں جنگلی کتّے، گیدڑ، بھیڑیے، لکڑ بگھے (چرغ) آتے ہیں۔

اس کے باوجود دیکھنے میں یہ نہ کتّے جیسی ہوتی ہیں اور نہ بھیڑیے اور گیدڑ جیسی، بلکہ کوئی الگ ہی نسل معلوم ہوتی ہیں۔ مثلاً لومڑی کی تھوتھنی کتّے کی نسل کے دوسرے جانوروں کی طرح لمبوتری نہیں ہوتی۔ دوسرے جانوروں کی ٹانگیں ان کے جسموں کے مطابق ہوتی ہیں۔ لیکن لومڑی کی ٹانگیں اس کے جسم کے تناسب سے ذرا چھوٹی ہوتی ہیں۔ اس نسل کے دوسرے جانوروں کے برعکس لومڑی کی دُم بھی گھپّے دار ہوتی ہے۔ ایک اور اہم فرق اس کی آنکھوں کا ہے۔ لومڑی کی آنکھ کی پتلیاں بلی جیسی ہوتی ہیں۔ جو دن میں سکڑ جاتی ہیں اور رات یا اندھیرے میں پھیل جاتی ہیں۔ خوبی اس نسل کے دوسرے جانوروں میں نہیں ملے گی۔

(i) لومڑیاں دنیا میں کہاں کہاں پائی جاتی ہیں؟

(ii) لومڑیاں کس نسل سے تعلق رکھتی ہیں؟

(iii) لومڑیوں کی ٹانگیں کیسی ہوتی ہیں؟

(iv) لومڑیوں کی آنکھوں کی کیا خصوصیت ہے؟

(v) درج ذیل الفاظ کے معنی لکھیے:

آب      دُم

سوال نمبر 2. درج ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے: 10

(i) موبائل کے فوائد و نقصانات

(ii) ماحول کی آلودگی

(iii) میرے پسندیدہ استاد

(iv) کلیر شریف کا عرس

سوال نمبر 3. کالج کی لائبریری میں اردو اخبار منگانے کے لیے پرنسپل صاحب کو ایک درخواست لکھیے : 8

یا

اپنے والد صاحب کو خط لکھ کر اپنی فیس جمع کرانے کے لیے رقم منگوایئے :

سوال نمبر 4. درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور اس کا خلاصہ اپنے الفاظ میں تحریر کیجیے : 7

اچھے کھلاڑیوں کی دنیا کے ہر ملک میں قدر کی جاتی ہے۔ سماج میں ان کو باعزت مقام حاصل ہوتا ہے، ان کی کھیل کی صلاحیتیں انھیں روزگار مہیا کرانے میں مددگار ہوتی ہیں۔ کھیلنے سے تندرستی اچھی رہتی ہے۔ کھیل سے نہ صرف جسم مضبوط اور صحت مند رہتا ہے، بلکہ دماغ بھی تروتازہ رہتا ہے، کھیل سے ایمانداری کے علاوہ مخالفوں سے اچھا برتاؤ بھی کرنا آتا ہے، اور مشکل وقت میں صورت حال پر قابو پانے کا سبق بھی ملتا ہے۔ ہر کھلاڑی جیتنے کے لیے کھیل کھیلتا ہے، لیکن اگر جیتنے کا امکان نہیں رہے تو وہ ہمت نہیں ہارتا۔ اور زیادہ محنت اور لگن کے ساتھ کھیلتا ہے، تاکہ جیت سکے۔ ہاکی، فٹبال، کرکٹ وغیرہ کے ذریعے نظم وضبط پیدا ہوتا ہے۔ سبھی کھلاڑی ایک دوسرے کے ساتھ مل کر کام کرنے کا سلیقہ سیکھتے ہیں۔ ٹیم کے کپتان کا حکم مانتے ہیں۔ اس طرح کھلاڑیوں میں مقصد کو حاصل کرنے کے لیے متحدہ کوشش کرنے کی صلاحیت بھی پیدا ہوتی ہے۔

سوال نمبر 5. درج ذیل میں سے صرف پانچ محاوروں کو اپنے جملوں میں استعمال کیجیے : 5x2=10

(i) ناک کٹنا

(ii) مونچھ اونچی رہنا

(iii) آؤ بھگت کرنا

(iv) طوطی بولنا

(v) عاقبت خراب ہونا

(vi) حق نمک ادا کرنا

(vii) آسمان سے باتیں کرنا

(viii) نام روشن کرنا

## حصہ ''ب'' Section-B

سوال نمبر 6 درج ذیل درسی نثری اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالات کے جواب دیجیے:

ایک اور جگہ سے دعوت نامہ آیا۔ ہمارے میزبان وہاں کے معزّز اور دولت مند ترین لوگوں میں سے تھے۔ میزبانی کے فرائض خاتون خانہ ادا کر رہی تھیں۔ ڈرائنگ روم میں پہنچے تو دن کو تارے نظر آنے لگے۔ ایسی خوبصورت قیمتی پر تکلّف اور نایاب چیزیں ایک ساتھ کب دیکھنی نصیب ہوئی تھیں۔ البتّہ ان کا تذکرہ میلاد میں سنا تھا یا طلسم ہوش ربا میں پڑھا تھا۔ مالک مکان سے زیادہ پُر شوکت نوکر نوکرانیاں تھیں۔ کس کی تعظیم کیجیے اور کس سے تعظیم لیجیے۔ کھانے کے کمرے میں داخل ہوئے تو معلوم ہوا کہ شاید دنیا کے سب سے بڑے آدمی کا سب سے بڑے شفاخانے میں آپریشن ہونے والا ہے۔ ہر طرف سوائے صفائی اور سامانِ جراحی کے کچھ نظر نہ آتا تھا۔ اول تو کھانے کا گانگ بجا تو ہم نے سمجھا، ہماری روح قبض کرنے کا کوئی آلہ ایجاد ہوا ہے۔ کھانا آیا اور آتا رہا۔

(i) یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے اور اس کے مصنف کا نام کیا ہے؟ 2

(ii) مصنف کو دن میں تارے کیوں نظر آنے لگے؟ 2

(iii) میزبانی کے فرائض کس نے انجام دیے؟ ذیل متبادل جوابات میں سے صحیح جواب کا انتخاب کر لکھیے: 1

(a) گھر کے نوکروں نے (b) گھر کی عورتوں نے

(c) مکان کے مالک نے (d) کسی نے نہیں

(iv) ''میزبان'' کا متضاد چن کر لکھیں: 1

(a) قدردان (b) مہربان

(c) مہمان (d) دولت مند

(v) ''آلہ'' کے معنی کیا ہیں؟ صحیح جواب چن کر لکھیں: 1

(a) جِن (b) اوزار

(c) جسم (d) فنا

سوال نمبر 7. افسانہ ''گاؤں کی لاج'' کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیے: 5

یا

''میگھالیہ'' کے خاص رسم و رواج کون سے ہیں؟

سوال نمبر 8. درج ذیل میں سے صرف چار سوالات کے جواب لکھیے: 4x2=8

(i) دعوت میں جانے اور نہ جانے سے متعلق مصنف نے کیا خیال ظاہر کیا ہے؟

(ii) رائے صاحب اور خاں صاحب میں رنجش کیوں تھی؟

(iii) ''آلدا'' کسے کہتے ہیں؟

(iv) دعوت میں ہلڑ کیوں مچا؟

(v) بارات کی واپسی کی کیا وجہ تھی؟

(vi) میرن صاحب نے غالب کو مجروح کی صحت کے بارے میں کیا بتایا؟

(vii) فلمی سنگیت میں کون کون سے لوک گیتوں سے فائدہ اٹھایا گیا؟

سوال نمبر 9. میر تقی میر کی شاعری پر ۱۰۰ الفاظ پر مشتمل نوٹ لکھیے؟ 5

یا

ساحر لدھیانوی کی طویل نظم ''پرچھائیاں'' کا مرکزی خیال ۱۰۰ الفاظ میں لکھیے؟

سوال نمبر 10 درج ذیل سوالوں کے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب منتخب کر کے لکھیے: 1x5=5

(i) ساحر لدھیانوی کا اصل نام کیا تھا؟

(a) عبدالکلام (b) عبدالحئی

(c) رتن ناتھ (d) اکبر علی

(ii) مثنوی کس زبان کا لفظ ہے؟

(a) عربی (b) فارسی

(c) ہندی (d) ترکی

(iii) اکبر آباد کس شہر کو کہتے ہیں؟

(a) لکھنؤ کو (b) دہلی کو

(c) حیدر آباد کو (d) آگرہ کو

(iv) نظم ''پرچھائیاں'' کا موضوع کیا ہے؟

(a) اجل (b) عدل

(c) امن (d) عقل

(v) شاعر نے گھر کو راستہ کہا ہے کیونکہ گھر کی ۔۔۔۔۔۔؟

(a) چھت ٹوٹی تھی (b) کھاٹ ٹوٹی تھی

(c) دیوار ٹوٹی ہوئی تھی (d) سڑک نہیں تھی

سوال نمبر 11 درج ذیل سوالات کے جواب ایک ایک لفظ میں دیجیے: 5x1=5

(i) مثنوی کے معنی لکھیے؟

(ii) ''اپنے گھر کا حال'' مثنوی کے شاعر کون ہیں؟

(iii) شاعر نے جنگ بند کرنے کے لیے کن لوگوں کو مخاطب کیا ہے؟

(iv) شاعر نے اس زمین کو کس سے منسوب کیا ہے؟

(v) میر تقی میر کہاں پیدا ہوئے تھے؟